# محکمہ جیل خانہ جات پنجاب

## ٹینڈر نوٹس نمبر (CB-01-2023-24)

صوبہ پنجاب کی جیلوں کے لئے درج ذیل اشیاء برائے مالی سال 24-2023 جن کی تفصیل / عرصہ ضروریات جدول میں درج ہے کی فراہمی کے لئے جیل گیٹ پہنچ کی بنیاد پر سر بمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ محکمہ جیل کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران، مینوفیکچررز، ملز مالکان و سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس میں رجسٹرڈ لائسنس یافتہ بااختیار ڈیلرز حصہ لے سکتے ہیں تمام اشیاء کی (specifications) تصریحات ٹینڈر فارم کے ہمراہ منسلک ہیں۔ ٹینڈر دہندہ اپنی اشیاء کے سیل شدہ سیمپل (04عدد) (بمطابق تصریحات بڈنگ ڈاکومنٹس) ماسوائے لکڑی ٹینڈر کے ہمراہ مہیا کرنا ہونگے۔ ٹینڈر دہندگان بمطابق سیمپل مال سپلائی کریں گے۔ تمام ٹینڈر دہندگان زر شمولیت جو کہ کل تخمینہ لاگت کا 2٪ جسکی تفصیل ذیل میں درج ہے کال ڈیپازٹ (CDR) کی صورت میں جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ٹینڈر دہندگان درج شدہ اشیاء کے نرخ ریجن کے علاوہ تمام پنجاب کی بنیاد پر بھی دے سکتے ہیں۔ نیز Bidding Documents اور PPRA کی ویب سائٹ پر بھی دی گئی ہے۔ تمام ٹینڈر دہندگان بشمول محکمہ جیل کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران اور غیر رجسٹرڈ شدہ، مینوفیکچررز، ملز مالکان، ڈیلر صاحبان ٹینڈر فارم (Bidding Documents) میں طلب کردہ تمام دستاویزات اپنی ٹیکنیکل بڈز کے ساتھ منسلک کرنے کے پابند ہونگے کاغذات مکمل نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کو ٹیکنیکل بنیاد پر Disqualify کر دیا جائے گا۔

### (عرصہ تین (03) ماہ کی ضروریات کے مطابق)

| نمبر شمار | نام اشیاء | لاہور ریجن | فیصل آباد ریجن | سرگودھا ریجن | راولپنڈی ریجن | ساہیوال ریجن | ملتان ریجن | ڈی جی خان ریجن | بہاولپور ریجن | کل مقدار (کلوگرام) | کل تخمینہ لاگت | کل زرشمولیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سوجی | 6605 | 2875 | 2837 | 3870 | 1890 | 1115 | 1100 | 1242 | 21534 | ----- | ----- |
| | اوسط تخمینہ لاگت | 1122850 | 488750 | 482290 | 657900 | 321300 | 189550 | 187000 | 211140 | ----- | 3660780 | ----- |
| | زرشمولیت 02% | 22500 | 9800 | 9650 | 13200 | 6450 | 3800 | 3750 | 4250 | ----- | ----- | 73400 |
| 2 | آٹا گندم (ہول میل) | 980626 | 400327 | 287908 | 541080 | 274846 | 172775 | 153575 | 184950 | 2996087 | ----- | ----- |
| | اوسط تخمینہ لاگت | 132384510 | 54044145 | 38867580 | 73045800 | 37104210 | 23324625 | 20732625 | 24968250 | ----- | 404471745 | ----- |
| | زرشمولیت 02% | 2647700 | 1080900 | 777350 | 1461000 | 742100 | 466500 | 414650 | 499400 | ----- | ----- | 8089600 |

### (بابت مالی سال 24-2023)

| نمبر شمار | نام اشیاء | لاہور ریجن | فیصل آباد ریجن | سرگودھا ریجن | راولپنڈی ریجن | ساہیوال ریجن | ملتان ریجن | ڈی جی خان ریجن | بہاولپور ریجن | کل مقدار (کلوگرام) | کل تخمینہ لاگت | کل زرشمولیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 3 | نمک ثابت | 55500 | 22000 | 16500 | 26500 | 13600 | 7400 | 9200 | 8800 | 159500 | | ----- |
| | اوسط تخمینہ لاگت | 1110000 | 440000 | 330000 | 530000 | 272000 | 148000 | 184000 | 176000 | ----- | 3190000 | ----- |
| | زرشمولیت 02% | 22200 | 8800 | 6600 | 10600 | 5450 | 3000 | 3700 | 3550 | ----- | ----- | 63900 |
| 4 | سرخ مرچ ثابت (ڈنڈی کٹ گول) | 16400 | 6900 | 5100 | 9300 | 5400 | 2400 | 2400 | 3100 | 51000 | ----- | ----- |
| | اوسط تخمینہ لاگت | 15580000 | 6555000 | 4845000 | 8835000 | 5130000 | 2280000 | 2280000 | 2945000 | ----- | 48450000 | ----- |
| | زرشمولیت 02% | 311600 | 131100 | 96900 | 176700 | 102600 | 45600 | 45600 | 58900 | ----- | | 969000 |
| 5. | ہلدی ثابت (خشک) | 1300 | 1300 | 950 | 1700 | 430 | 350 | 280 | 500 | 6810 | | ----- |
| | اوسط تخمینہ لاگت | 429000 | 429000 | 313500 | 561000 | 141900 | 115500 | 92400 | 165000 | ----- | 2247300 | ----- |
| | زرشمولیت 02% | 8600 | 8600 | 6300 | 11250 | 2850 | 2350 | 1850 | 3300 | ----- | ----- | 45100 |
| 6. | لکڑی سوختنی (شیشم، کیکر دیسی بغیر جڑیں اور پہاڑی کیکر (03 فٹ لمبائی اور 08 انچ تک موٹائی) | 2248000 | 972500 | 349500 | 1493000 | 1087400 | 104000 | 348400 | 2400 | 6605200 | ----- | ----- |
| | اوسط تخمینہ لاگت | 44960000 | 19450000 | 6990000 | 29860000 | 21748000 | 2080000 | 6968000 | 48000 | ----- | 132104000 | ----- |
| | زرشمولیت 02% | 899200 | 389000 | 139800 | 597200 | 435000 | 41600 | 139400 | 1000 | ----- | ---- | 2642200 |

**نوٹ:- مذکورہ درج بالا مقدار ایک اندازہ کے مطابق لگی گئی ہے اس میں بیشی بمطابق پیپرا رولز ہو سکتی ہے۔**

## شرائط:

1 تمام اشیاء کے ٹینڈر پیپرا رول (a)(2)38 کے تحت ایک پیکٹ میں دو لفافے جن میں ایک پر ٹیکنیکل پروپوزل اور دوسرے پر فنانشل پروپوزل درج ہو گا وصول کیے جائیں گے اصل زر شمولیت بصورت CDR کل تخمینہ لاگت کا 02٪ کے مساوی ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ منسلک کرنا ہو گی اور CDR کی فوٹو کاپی فنانشل پروپوزل کے ساتھ منسلک کرنا ہو گی۔

2 تمام ٹھیکیداران سر بمہر لفافے ٹینڈر بکس میں **مورخہ 03.07.2023 دن 11:00 بجے** تک ڈالیں گے۔ پرچیز کمیٹی تمام ٹینڈر دہندگان / مجاز نمائندگان کی موجودگی میں اسی روز **بوقت 11:30 بجے دن** ٹیکنیکل پروپوزل کھولیں گی۔

3 سر بمہر ٹینڈر بکس اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے دفتر میں روز اشاعت سے رکھ دیا جائے گا۔

4 نیز لفافوں پر واضح طور پر جلی حروف میں نام اشیاء اور ریجن یا تمام پنجاب لکھا ہوا ہونا چاہیے۔

5 ٹینڈر کے ہمراہ متذکرہ اشیاء کی زر شمولیت تخمینہ لاگت کا 02٪ حساب بصورت کال ڈیپازٹ جو کسی قومی شیڈول بنک کی بنی ہوئی ہو بنام انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب دینا ضروری ہے۔

6 تمام اشیاء کے ٹینڈر فارم بعوض -/1000 روپے فی فارم برائے مالی سال 24-2023 زیر دستخطی کے دفتر سے روز اشاعت سے دفتری اوقات کار میں **مورخہ 03.07.2023** تک مقررہ وقت ختم ہونے سے پہلے پہلے خرید کیے جا سکتے ہیں نیز ہر آئٹم اور ریجن کے لیے علیحدہ علیحدہ ٹینڈر فارم دینا ہوں گے۔ ہر ٹینڈر کے ساتھ ٹینڈر کی رسید لف کرنا ہو گی۔

7 بوقت سپلائی ہر قسم کے لیبارٹری ٹیسٹ کے اخراجات و فیس ٹینڈر دہندگان کو ادا کرنے ہونگے نیز سپلائی بعد از معائنہ محکمانہ کمیٹی اور تسلی بخش رپورٹ لیبارٹری وغیرہ دینی ہو گی۔ تمام اشیاء کی فراہمی جس کی شرح و تفصیل اوپر درج کی گئی ہے پاکستان خالص خوراک کے رولز 1965 ترمیم شدہ 2011 اور پنجاب خالص خوراک ضابطہ کار 2018 کے عین مطابق ہونی چاہیے۔ وہ فرمز / برانڈ جسکو پنجاب فوڈ اتھارٹی یا کسی بھی سرکاری ادارے نے Blacklist کیا ہے وہ ٹینڈر میں حصہ نہیں لے سکتے۔

8 گذشتہ مالی سال میں ٹھیکہ کے مطابق مال سپلائی نہ کرنے اور غیر معیاری اشیاء سپلائی کرنے والے ٹھیکیداران اور ٹینڈر دہندگان کو مالی سال 24-2023 کے ٹینڈر میں حصہ لینے سے روکا جاسکتا ہے۔ محکمہ جیل کے صرف وہ ٹھیکیدار ٹینڈر میں حصہ لے سکیں گے جن کی رجسٹریشن کی تجدید برائے سال 24-2023 ہو چکی ہو گی۔

9 مندرجہ بالا آئٹمز کی فراہمی Punjab Pure Food Regulation, 2018 کے عین مطابق ہونی چاہیے جسکو باقاعدہ لیبارٹری یا متعلقہ محکمہ سے چیک کروایا جائیگا ٹیسٹ پر آمدہ خرچ کی تمام تر ذمہ داری بذمہ ٹینڈر دہندگان ہو گی۔

10 ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ فرم کو منظوری کے بعد دو (02) یوم کے اندر اندر معاہدہ کرنا ہو گا بعد از فوراً سپلائی جیلوں کو کرنا ہو گی۔

11 منظور شدہ آئٹمز کی انسپکشن ہیڈ آفس کی جاب سے مقررہ کردہ جگہ پر کروانی ہو گی۔ ترجیحاً ریجنل لیول کی منظور شدہ آئٹمز کی انسپکشن متعلقہ ریجنل ہیڈ کوارٹر اور آل پنجاب آئٹیمز کی انسپکشن لاہور یا دیگر موذوں جگہ جو کہ ہیڈ آفس مقرر کرے وہاں کروانی ہو گی

12 وہ ٹینڈر جو مندرجہ بالا شرائط پوری نہ کرتے ہونگے مسترد کر دیے جائیں گے۔ نیز انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات کو اختیار ہو گا کہ وہ سرکاری مفاد میں بمطابق پیپرا رولز کسی بھی شرط میں تبدیلی کے مجاز ہونگے۔

13 تمام پیکنگ آئٹیمز مثلاً توڑے پلاسٹک بوری (جیوٹ) وغیرہ ناقابل واپسی ہونگے۔

14 ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار / فرم کو پیپرا رول 56 کے تحت ٹھیکہ مالیت کے 02% کے مساوی Performance Guarantee بصورت CDR جمع کروانا لازمی ہو گا۔

15 تمام مروجہ ٹیکسز اور اشٹام ڈیوٹی کی ادائیگی بذمہ فراہم کنندہ فرم / ٹھیکیدار ہو گی۔

16 ٹینڈر میں دی گئی اشیا کی مکمل تصریحات (Specifications) نقل (Bidding Documents) مقدار اور زر شمولیت و دیگر شرائط PPRA کی ویب سائٹ (www.ppra.punjab.gov.pk) اور محکمہ جیل خانہ جات کی ویب سائٹ (www.prisons.punjab.gov.pk) پر بھی دیکھی جاسکتی ہیں اور کسی شکایت یا مسئلہ کی صورت میں آئی جی اور ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز) سے ان نمبروں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے:-

1۔ آئی جی جیل خانہ جات پنجاب 042-99200465-66     2۔ ڈی آئی جی (ہیڈ کوارٹرز) جیل خانہ جات پنجاب 042-99200473

3۔ واٹس ایپ کمپلینٹ نمبر 0326-0923988

4۔ مزید معلومات اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن) کے فون نمبر (042-99200498,570-582) پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں

**(میاں فاروق نذیر)**

انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب لاہور